# اطلاع برائے نواں سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ سامبا بینک لمیٹڈ کا نواں سالانہ اجلاسِ عام مورخہ 28 مارچ 2012 بروز بدھ صبح 11:00 بجے بمقام بیچ لگژری ہوٹل، کراچی میں درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا:

**عمومی امور:**

1۔ 28 مارچ 2011 کو منعقد ہونے والے آٹھویں سالانہ اجلاس عام کے منٹس کی توثیق کرنا۔

2۔ 31 دسمبر 2011 کو سال مختتمہ کیلئے بیلنس شیٹ (مالی صورتحال کے اسٹیٹمنٹ) اور اکاؤنٹ میں نفع اور نقصان کے ہمراہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹوں کو موصول اور غور کرنا۔

3۔ آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے معاوضے کا تعین کرنا۔

**دیگر امور:**

چیئرمین کی منظوری سے بینک کے دیگر امور پر غور و خوص۔

حسب الحکم بورڈ

صائمہ کاملا خان

کمپنی سیکریٹری

کراچی: 7 مارچ 2012

**نوٹس:**

1۔ بینک کے انتقال حصص کے کھاتے 22 مارچ 2012 سے 28 مارچ 2012 تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گے۔ بینک رجسٹرار فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ، اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر A-1 فرسٹ فلور، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی میں 21 مارچ 2012 کو اختتام اوقات کار تک ٹرانسفر آرڈر وصول کیئے جائیں گے اور انہیں بروقت تصور کیا جائے گا۔

2۔ ممبر جو اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا اہل ہے وہ اپنے بجائے دوسرے ممبر کو اجلاس میں شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے اور مخاطب کرنے کیلئے اپنا متبادل بذریعہ پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔ ایسے متبادل ممبر کے مؤثر ہونے کیلئے ضروری ہے کہ بلائے گئے اجلاس کے انعقاد سے 48 گھنٹے قبل بینک کے رجسٹرڈ آفس کو ایسے متبادل ممبر کی اطلاع کے دستاویزات موصول ہو جائیں اور وہ مہر شدہ، دستخط شدہ اور تصدیق شدہ ہوں۔

3۔ اجلاس میں شرکت کے لئے پراکسی کی دستاویز (جس میں آپ پراکسی کو اپنی مرضی کے مطابق ووٹ کے لئے ہدایات دے سکتے ہیں) ممبران کو ارسال کردہ نوٹس کے ہمراہ فراہم کی جا چکی ہیں۔ پراکسی کی دستاویز کی مذید نقول بینک کے رجسٹرڈ آفس سے دفتر کے عمومی اوقات میں حاصل کی جا سکتی ہے۔

4۔ پراکسی کی دستاویز اور پاور آف اٹارنی یا دیگر اتھارٹی (اگر ہو) جس کے تحت اس پر دستخط کئے جائیں یا اس پاور یا اتھارٹی کی نوٹری سے تصدیق شدہ نقل جو کہ لازماً مؤثر ہوں۔ وہ اجلاس کے انعقاد سے 48 گھنٹے قبل بینک کے رجسٹرڈ آفس میں موصول ہو جانی چاہیئے۔

5۔ ممبران سے گذارش کی جاتی ہے کہ اگر ان کے رجسٹرڈ پتوں میں کوئی تبدیلی ہو تو اس سے آگاہ کریں۔

**(الف)۔ اجلاس میں شرکت کیلئے:**

1۔ انفرادی طور پر، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا وہ شخص جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات سی ڈی سی قواعد کے مطابق جمع ہیں، اجلاس میں اپنی شناخت کو موثر بنانے کیلئے اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ ضرور ساتھ لائیں۔

2۔ کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں نامزد ہونے والے شخص کا بورڈ آف ڈائریکٹرز کا پاور آف اٹارنی/ریزولوشن مع نمونہ دستخط کے (اگر پہلے مہیا نہیں کیا گیا ہے) اجلاس کے وقت مہیا کیا جائے گا۔

**(ب)۔ پراکسی کی تقرری کیلئے:**

1۔ انفرادی طور پر شرکت کرنے کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا وہ شخص جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات قواعد کے مطابق جمع ہیں، درج بالا قوائد کے تحت پراکسی جمع کی جائے گی۔

2۔ پراکسی فارم پر دو افراد کی گواہی ہوگی جن کے نام، پتے اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر فارم پر درج ہوں۔

3۔ جن ممبران کیلئے پراکسی مقرر ہوں ان ممبران اور ان کے پراکسی کے شناختی کارڈ (CNIC) یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپی پراکسی فارم کے ساتھ منسلک کی جائیں۔

4۔ اجلاس میں شرکت کے وقت پراکسی اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ ضرور ساتھ لائے۔

5۔ کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں نامزد ہونے والے شخص کا بورڈ آف ڈائریکٹرز کا پاور آف اٹارنی/ریزولوشن مع نمونہ دستخط کے (اگر پہلے مہیا نہیں کیا گیا ہے) اجلاس کے وقت پراکسی فارم کے ساتھ بینک میں جمع کیا جائے گا۔

**سامبا بینک لمیٹڈ**

samba سامبا